لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۱ ؍ رجب المرجب سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۱ ؍ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء	جلد ۳۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت منشی عبادالصمد خانصاحب ۔	۱ و ۲
۲	توسیع ملازمت سب انسپکٹران پولیس ۔	۲
۳	ترقی سب انسپکٹر پولیس ۔	ایضاً
۴	رخصت اسپیشل مجسٹریٹ درجہ دوم ۔	ایضاً
۵	رخصت نقلنویس خفیہ	ایضاً
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۲ ؍ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

بانتظام مندرجہ عرضداشت رخصت ایک ماہ منظور ہے ۔ احکام مفصل حسب ضابطہ جاری ہوں ۔

[illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض [illegible] — جناب عالی — میر ساماں

منشی عبادالصمد خانصاحب جو فی الحال [illegible] ششن جج کا کام کر رہے ہیں

بوجہ تبدیل آب وہوا رخصت ایک ماہ کے مستدعی ہیں۔ ترقی خواہ کے نزدیک رخصت انکی قابل منظوری ہے۔ اور ایام رخصت صاحب موصوف میں یہ انتظام مناسب ہے کہ چونکہ بالفعل اجلاس ہذا میں منشی شیر زمان خان صاحب جج کو کام کم ہے۔ اسلیے صاحب موصوف علاوہ کار متعلقہ کے ڈسٹرکٹ و سشن ججی کا ضروری کام بھی ایام رخصت منشی عاد اللہ خانصاحب میں انجام دیں اور جو کارروائی مقدمات ابتدائے دیوانی و سشن ججی میں جس نوبت تک ہوچکی ہو۔ اُس سے آیندہ کارروائی جاری رکھیں تاکہ اہل معاملہ دگواہان کو دوبارہ تکلیف رکشاکشی نہو اور اگر شہادت قلمبند کردہ منشی شیر زمان خان صاحب مقدمہ مکمل ہو تو بعد واپسی منشی عاد اللہ خانصاحب فیصلہ صادر کرسکیں ورنہ جو کسی مقدمہ میں شہادت وغیرہ باقی رہجائیگی تو بقیہ شہادت قلمبند کرکے منشی عاد اللہ خانصاحب فیصلہ صادر کرینگے۔ منشی عاد اللہ خانصاحب کی رخصت روز روانگی سے شمار کیجائیگی۔ لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم منظوری پیشگاہ عالی میں ابلاغ ہے۔ زیادہ حد ادب۔

[illegible]

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

توسیع

۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نسبت مستقلی [illegible] واحد حسین خان صاحب انسپکٹران جنکی میعاد امتحانی ملازمت ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء کو ختم ہوجائیگی تین تین ماہ کی توسیع اور منظور کی گئی۔

ترقی

۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

حسب ملاحظہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بختم میعاد تنزلی سو ضیاء الحق سب انسپکٹر پولیس کی پوری تنخواہ تیس روپیہ ماہوار بوجہ حسن خدمات مقرر ہوئی اور عارضی انتظام جو بسلسلۂ تنزلی سب انسپکٹر مذکور ہوا تھا منسوخ ہو کر تعیناتی تھانہ ٹھوالی میں انچارجی پر کی گئی۔ عطاء الحق سب انسپکٹر انچارجی ٹھوالی سے بوجہ زیادتی شکایات علیحدہ ہو کر کوتوالی میں افسر ڈیوٹی پر تعینات ہوئے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم۔ رخصت یکماہ سید اعجاز علی صاحب اسپشل مجسٹریٹ درجۂ دوم کی منظور ہوئی۔ کام کا انتظام صاحب مجسٹریٹ ضلع کرینگے۔

رخصت

۱۴ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

حسب سفارش صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر۔ رخصت پندرہ یوم عظمت علیخان نقلنویس خفیفہ کی بوجہ شادی [illegible] منظور کی گئی۔ کام کا انتظام صاحب جج بہادر کرینگے۔

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۴ لغایت ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۱۰۵ ر	۱۰۵ ر			
نخود خالص			۱۵ ر	۱۵ ر			
نخود کسہ آمیز			۱۶ ر	۱۶ ر			
کسنہ			۱۰۶ ر	۱۰۶ ر			
ماش			۱۵ ر	۱۰۴ ر			
مونگ			۱۰۴ ر	۱۴ ر			
مکا			۱۶ ر	۱۲ ر			
جئی			۰	۱۰۸ ر			
گوجئی			۰	۰			
عدس			۰	۰			
ارہر			۰	۰			
برنج			۱۴ ر	۱۰۴ ر			
روغن زرد			۱۰ ر [illegible]	۱۰ ر			
روغن سیاہ			۱۲ ر	۱۰۱ ر			
روغن کنجد			۱۲ ر	۱۳ ر			
نمک سانبھر			۱۱۰ ر	۱۰۸ ر			
نمک لاہوری			۱۶ ر	۱۰۵ ر			
قند سیاہ			۱۰۲ ر	۱۰۴ ر			
باجرہ			۰	۰			

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور